Voting. It's a good thing.

Electoral Commission SOUTH AUSTRALIA

# آفیشل گائیڈ

## 2026 کے ریاستی انتخابات تک

اس میں ساوتھ آسٹریلین فرسٹ نیشنز وائس ٹو پارلیمنٹ الیکشن کے بارے میں بھی تفصیلات شامل ہیں جو **21 مارچ 2026 کو** منعقد ہوں گے۔

### الیکٹورل کمشنر کا پیغام

**ساوتھ آسٹریلیا کے ریاستی انتخابات آپ کے لیے اپنی بات کہنے اور ہماری ریاست کے مستقبل کی تشکیل میں مدد کرنے کا موقع ہیں۔ ہر ووٹ اہمیت رکھتا ہے اور ووٹ دینا واقعی ایک اچھی بات ہے۔**

ووٹنگ کو آسان اور قابل رسائی بنانے کے لیے کچھ تبدیلیاں کی گئی ہیں، تاکہ ساوتھ آسٹریلیا میں ہر کسی کو انتخابات میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ یہاں کچھ نمایاں چیزیں درج ہیں:

- **جلد یا ارلی ووٹنگ 14 مارچ 2026 سے شروع ہوگی** – اب آپ کو جلد ووٹ دینے کے لیے کوئی وجہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔
- **ماضی سے اب تک کے سب سے زیادہ جلد یا ارلی ووٹنگ کے مراکز۔**
- **پوسٹل ووٹنگ آسان تر ہے:** یہاں پر آن لائن درخواست دیں ecsa.sa.gov.au۔
- **ٹیلی فون کی مدد سے ووٹنگ** ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو نابینا ہیں، کم بصارت رکھتے ہیں، یا چلنے پھرنے سے قاصرہیں۔

ساوتھ آسٹریلین فرسٹ نیشنز وائس ٹو پارلیمنٹ الیکشن بھی اسی دن منعقد ہوں گے۔ یہ SA انتخابی فہرست میں درج اہل ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈرز کے لیے اختیاری ہیں۔

الیکشن کے دوران، آپ ووٹنگ کے عمل کے بارے میں غلط یا گمراہ کن دعوے دیکھ سکتے ہیں۔ یاد رکھیں، ECSA آپ کا قابل بھروسہ ، سرکاری ذریعہ ہے۔ درست معلومات کے لیے، ہمیشہ ECSA ویب سائٹ چیک کریں – **ecsa.sa.gov.au**۔

اور آخر میں، یہ بات یاد رکھیں کہ ریاستی انتخابات میں **ووٹ ڈالنا لازمی ہے۔**

**Mick Sherry**
الیکٹورل کمشنر

### ووٹنگ سینٹر میں کیا ہوتا ہے؟

ووٹنگ کے مراکز عوامی مقامات جیسے اسکولوں اور کمیونٹی مراکز میں واقع ہوتے ہیں۔ ECSA ویب سائٹ پر یا اپنے EasyVote کارڈ کے پچھلے حصے پر اپنا قریبی ووٹنگ سینٹر تلاش کریں۔ نشانیاں آپ کی رہنمائی کریں گی۔

**انٹرایکٹو میپ پر اپنا قریبی ووٹنگ سینٹر دیکھنے کے لیے اسکین کریں۔**

**مفید مشورہ:** لنچ کے بعد قطاریں اکثر مختصر ہوتی ہیں۔

انتخابی عملہ آپ کا نام اور پتہ چیک کرے گا، پھر آپ کو بیلٹ پیپرز دے گا۔ اگر آپ اپنے ڈسٹرکٹ سے باہر ہیں، ایک ایسے انتخاب کنندہ ہیں جس نے اپنا پتہ نہیں لکھوایا ہوا یا آپ SA فرسٹ نیشنز وائس ٹو پارلیمنٹ الیکشن میں ووٹ دے رہے ہیں تو آپ کو ایک علیحدہ ووٹ جاری کرنے کی میز پر بھیج دیا جائے گا۔

**__اپنے بیلٹ پیپرز وصول کریں__**

**گرین بیلٹ:** اپنے ایوان اسمبلی کے امیدوار کا انتخاب کریں۔

**سفید بیلٹ:** قانون ساز کونسل کے لیے امیدواروں یا گروپوں کا انتخاب کریں۔

**__اپنے بیلٹ پیپرز پُر کریں۔__**

فراہم کردہ پنسل کا استعمال کریں یا اگر آپ چاہیں تو اپنی پنسل اپنے ہمراہ لائیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو، انتخابی افسر سے پوچھیں - آپ کا ووٹ پرائیویٹ ہی رہے گا۔

**مزید معلومات پچھلے صفحے پر** ←

# ساوتھ آسٹریلین فرسٹ نیشنز وائس ٹو پارلیمنٹ الیکشن

ساؤتھ آسٹریلین فرسٹ نیشنز وائس ٹو پارلیمنٹ ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر لوگوں کے لیے ایک منتخب مشاورتی ادارہ ہے۔ یہ فیڈرل نیشنل وائس ریفرنڈم سے مختلف ہے۔ اس کے لیے SA کی انتخابی فہرست میں درج صرف ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈرز باشندے ہی ووٹ ڈال سکتے ہیں، تاہم یہ لازمی نہیں ہے۔

یہ انتخاب ریاستی انتخابات کے ساتھ ہی ہو رہا ہے۔ اہل رائے دہندگان کسی بھی ووٹنگ سینٹر پر ڈاک یا ٹیلی فون کی مدد سے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اس ویب سائٹ پر جائیں: **savoiceelection.sa.gov.au**۔

**__ووٹنگ سینٹر پر__**

وائس الیکشن کے پوسٹرز تلاش کریں۔ انتخابی عملہ آپ کو ووٹ جاری کرنے کی علیحدہ میز پر بھیجے گا۔


**__اپنا ڈیکلریشن لفافہ مکمل کریں__**

آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے ایک اعلانیہ لفافہ پُر کرنا چاہیے کہ آپ ایبوریجنل اور/ یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر ہیں۔ اس کے بعد، آپ کو ایک بیلٹ پیپر ملے گا جس میں آپ کے علاقے کے تمام امیدوار دکھائے جائیں گے۔

**__ووٹ دینے کے لیے:__**

**1** اس امیدوار کے نام اور تصویر کے آگے باکس میں نمبر 1 لکھیں جو آپ کی پہلی پسند ہے۔

**2** اگر آپ مزید امیدواروں کا انتخاب کرنا چاہتے ہیں تو، دوسرے خانوں میں 2، 3، 4... کے ساتھ لکھنا جاری رکھیں۔




**SA فرسٹ نیشنز وائس بیلٹ پیپر کو مکمل کرنے کے طریقہ کے بارے میں ویڈیو دیکھنے کے لیے اسکین کریں**

یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کتنے امیدواروں کا انتخاب کرتے ہیں، آپ کو ہر باکس پر نمبر لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**__کر لیا، اب میں کیا کروں؟__**

تینوں بیلٹ پیپرز، سبز، سفید اور سفید بارڈر والے پیپرز، ووٹنگ ٹیبل پر الیکٹورل آفیسر کے پاس لے جائیں۔

### دوسری زبانوں میں آفیشل گائیڈ

یہ آفیشل گائیڈ الیکٹورل کمیشن SA کی ویب سائٹ پر 21 مختلف زبانوں میں ترجمہ شدہ دستیاب ہے۔ دوسری زبان میں مزید معلومات کے لیے، مفت زبانی و تحریری ترجمے کی سروس (TIS) کو استعمال کریں: **13 14 50 پر کال کریں** اور ان سے 232 655 1300 پر آپ کی الیکٹورل کمیشن SA سے بات کروانے کے لیے کہیں۔

### معلومات اور مدد

ویب سائٹ: ecsa.sa.gov.au | savoiceelection.sa.gov.au
ٹیلیفون: 1300 655 232
ٹیلی فون کی مدد سے ووٹنگ: 1300 951 579
ای میل: ecsacomments@sa.gov.au
رائے اور شکایات: ecsa.sa.gov.au/feedback-and-complaints


M Sherry، الیکٹورل کمشنر، ساؤتھ آسٹریلیا، ایڈیلڈ کی جانب سے اجازت شدہ

Electoral Commission SOUTH AUSTRALIA

# اپنے ووٹ کو  کیسے شمارکروائیں

## ایوان اسمبلی کا بیلٹ پیپر

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کا ووٹ شمار ہوجائے، آپ کو اپنی پسند کے مطابق ہر چوکور خانے میں نمبر لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔




1. اس امیدوار کے نام کے سامنے والے چوکور خانے میں نمبر **1** لکھیں جسے آپ اپنی پہلی پسند کے طور پر چاہتے ہیں۔
2. اپنی دوسری پسند کے آگے نمبر 2 لکھیں۔
3. اپنی تیسری پسند کے آگے نمبر 3 لکھیں۔
4. جاری رکھیں: 4، 5، 6 ... جب تک کہ ہر چوکور خانے میں  ایک نمبردرج ہو جائے۔


اگر آپ غلطی کرتے ہیں تو فکر نہ کریں۔ غلطی کی جگہ پر ایک لائن لگائیں اور اس کے ساتھ صحیح نمبر لکھیں، یا کسی انتخابی افسر سے متبادل بیلٹ کے لیے کہیں۔

## قانون ساز یا Legislative کونسل کے لیے سفید بیلٹ پیپر

Legislative کونسل کے سفید بیلٹ پیپر پر آپ 2 طریقوں سے ووٹ ڈال سکتے ہیں: موٹی کالی لکیر کے اوپر یا نیچے۔


### لائن سے اوپر ووٹ ڈالنا

اگر آپ لائن کے اوپر ووٹ دیتے ہیں، تو اس گروپ کے آگے چوکور خانے میں نمبر '1' لکھیں جو آپ کی پہلی پسند ہے۔ آپ جتنے گروپ چاہیں ان کے لیے نمبر لگانا جاری رکھ سکتے ہیں (2، 3، 4 وغیرہ)۔ لائن کے نیچے کوئی نمبر نہ لکھیں۔




### لائن کے نیچے ووٹنگ

اگر آپ لائن کے نیچے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو کم از کم 12 امیدواروں کے نام کے آگے نمبر لگانے چاہئیں۔ چوکور خانے میں نمبر '1' اس امیدوار کے آگے لکھیں جو آپ کی پہلی پسند ہے، '2' کو اپنی دوسری پسند کے آگے لکھیں اور اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ آپ کم از کم 12 امیدواروں کی تعداد مکمل نہ کر لیں۔ لائن سے اوپر کچھ نہ لکھیں۔




## اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد

ایک بار جب آپ اپنے بیلٹ پیپرز کو مکمل کر لیں، انہیں فولڈ کر کے فراہم کردہ بیلٹ بکس میں ڈال دیں۔

اگر آپ نے اپنے اندراج شدہ ڈسٹرکٹ سے باہر ووٹ ڈالا ہے یا آپ ایسے ووٹ دہندہ ہیں جس نے اپنا پتہ نہیں لکھوایا ہوا، تو اپنے بیلٹ پیپرز الیکٹورل آفیسر کو واپس کریں جو آپ کو بیلٹ باکس میں ڈالنے سے پہلے انہیں ایک لفافے میں رکھنے میں مدد کرے گا۔

# انتخابات کی اہم تاریخیں اور اوقات

**پوسٹل ووٹنگ کی درخواستیں کھلیں گی:** پیر 2 فروری 2026

**انتخابی فہرست بند ہوگی:** جمعہ 27 فروری 2026 | شام 5:00 بجے

**پوسٹل ووٹ ووٹرز کو بھیجے شروع کردیئے جائیں گے:** منگل 10 مارچ 2026 سے

**جلد ووٹنگ کی مدت:**
بفتہ 14 مارچ - جمعہ 20 مارچ
- بفتہ 14 مارچ - جمعہ 20 مارچ | صبح 8:00 سے شام 6:00 بجے
- اتوار 15 مارچ | بند
- جمعرات 19 مارچ | صبح 8:00 بجے سے شام 8:00 بجے تک

**ٹیلی فون کی مدد سے ووٹنگ:**
بفتہ 14 مارچ - بفتہ 21 مارچ
- بفتہ 14 مارچ - بفتہ 21 مارچ | صبح 8:00 سے شام 6:00 بجے
- اتوار 15 مارچ | بند
- جمعرات 19 مارچ | صبح 8:00 بجے سے شام 8:00 بجے تک

**الیکشن کا دن:** بفتہ 21 مارچ 2026 | صبح 8:00 تا 6:00 بجے

## اپنے ووٹ ڈالنے کے طریقے کی منصوبہ بندی کریں

**آپ کسی بھی ووٹنگ سینٹر میں ووٹ ڈال سکتے ہیں**

**کس نے ووٹ دینا ہے؟**

18 سال یا زائد عمر کے تمام ساوتھ آسٹریلیا کے شہریوں کے لیے ریاستی انتخابات میں اندراج کروانا اور ووٹ دینا ضروری ہے۔

**الیکشن والے دن (21 مارچ 2026) ووٹ نہیں دے سکتے؟**

جلد ووٹ دیں یا پوسٹل ووٹ کے لیے درخواست دیں۔ اگر آپ ذاتی طور پر آ کر ووٹ نہیں ڈال سکتے، تو آپ پوسٹل ووٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں یا ٹیلی فون کی مدد سے ووٹنگ استعمال کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**موبائل پولنگ سروسز**

ECSA کے اہلکار ووٹنگ کی خدمات فراہم کرنے کے لیے عمررسیدہ افراد کی دیکھ بھال کی سہولیات اور کچھ ہسپتالوں کا دورہ کریں گے۔ موبائل پولنگ دور دراز علاقوں میں بھی دستیاب ہو گی، بشمول ابوریجنل کمیونٹیز۔

**میں کس ڈسٹرکٹ میں ہوں؟**

ممکن ہے ڈسٹرکٹس بدل گئے ہوں۔ یہاں پر اپنا ڈسٹرکٹ چیک کریں : **ecsa.sa.gov.au**.

**ریاست سے باہر یا بیرون ملک؟**

جلد ووٹنگ مراکز ہر ریاست یا ٹیریٹری، دارالحکومت اور بیرون ملک منتخب مقامات (ہانگ کانگ، لندن، ویلنگٹن) میں کھلے رہیں گے۔

**پوسٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا طریقہ**

پوسٹل ووٹ کے لیے یہاں پر درخواست دیں **ecsa.sa.gov.au** یا اگر آپ کے پاس آن لائن رسائی نہیں ہے تو 1300 655 232 پر فون کریں ۔

درخواستیں 13 مارچ کو شام 5:00 بجے تک دیگر ریاستوں اور بیرون ملک مقیم ووٹرز کے لیے اور شام 5:00 بجے 17 مارچ کوSA میں مقیم ووٹرز کے لیےبند ہوں گی۔

امیدواروں کی تصدیق کے بعد پوسٹل پیک بھیجے جاتے ہیں۔ سیاسی جماعتیں پوسٹل ووٹ کی درخواستیں تقسیم نہیں کر سکتیں۔

**ٹیلی فون اسسٹڈ ووٹنگ (TAV)**

نابینا افراد، بصارت یا نقل و حرکت سے محروم افراد کے لیے دستیاب ہے۔
مدد کے لیے 1300 951 579 پر کال کریں۔

## انتخابات کے دوران گمراہ کن معلومات

انتخابات کے دوران، آپ کو آن لائن ناقابل بھروسہ یا جان بوجھ کر دی گئی غلط معلومات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اپنے آپ کو بچانے کے لیے، ہمیشہ الیکشن سے متعلق کسی بھی معلومات کا ماخذ چیک کریں اور یقینی بنائیں کہ یہ قابل اعتماد، تازہ ترین اور محفوظ ہے۔

**غور کرنے کے لیے وقت نکالیں**

**ماخذ چیک کریں:** کیا یہ ایک قابل اعتماد میڈیا آؤٹ لیٹ  یا آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹ ہے؟

**تاریخ چیک کریں:** نئی نظر آنے کے لیے پرانی معلومات شیئر کی جا سکتی ہیں۔

**اگر یقین نہ ہو تو تصدیق کریں:** AI غلط یا گمراہ کن مواد تخلیق کرنا آسان بناتی ہے۔

SA انتخابات کے بارے میں سرکاری اور قابل اعتماد معلومات کے لیے، ECSA کی ویب سائٹ پر جائیں:**ecsa.sa.gov.au**.

State Election
MARCH 21

ecsa.sa.gov.au →